# 26-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ منشیات سے پاک تلنگانہ کے مقصد کو حاصل کرنے میں تعاون کریں۔

۲۔ تلنگانہ حکومت نے سنجے جاجو کو ریاست کا نیا چیف سکریٹری مقرر کرنے کے احکامات جاری کردئے ہیں۔

۳۔ تلگو ریاستوں میں آج محرم کے موقع پر یوم عاشورہ مذہبی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہاہے۔

اور

۴۔ حیدرآباد محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ تین دنوں کے دوران ریاست بھر میں موسلا دھار بارشوں کا امکان ہے۔

Drug Free TG-CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے منشیات سے دور رہتے ہوئے صحت مند معاشرہ کی تعمیر میں حصہ لینے عوام پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے منشیات کے استعمال اور غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہر کسی کو نوجوانوں میں مثبت سوچ اور اقدار کو فروغ دینے اور منشیات سے پاک معاشرہ کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ وزیر اعلیٰ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ منشیات سے پاک تلنگانہ کے مقصد کو حاصل کرنے میں تعاون کریں۔

BJP - National President

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ بی جے پی کے قومی صدر نتن نبین اس مہینہ کی 28 تاریخ سے تین دنوں تک ریاست کے دورہ پر ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ 28 تاریخ کو حیدرآباد پہنچیں گے اور شمس آباد کے رنگاریڈی ضلع میں پارٹی کے دفتر سے 10 اضلاع کے بی جے پی آفسوں کا افتتاح کریں گے۔

Bjp-Projects

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے مطالبہ کیا ہے کہ وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی واضح کریں کہ مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے کن منصوبوں کا ذکر کیا تھا۔ پارٹی کے ریاستی دفتر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعلیٰ تنگبھدرا منصوبہ پر بہت بات کر رہے ہیں اور بی جے پی تنگبھدرا کے گیٹس تک ان کا خیر مقدم کرتی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ سی آر پاٹل نے کن منصوبوں کے بارے میں بات کی اس کی وضاحت کی جائے۔رام چندر راؤ نے الزام لگایا کہ بی آر ایس اور کانگریس دونوں جماعتوں نے تلنگانہ کے عوام کو دھوکہ دیا ہے۔

CM-insurance

حیدرآباد کے رویندر بھارتی میں ریاستی حکومت نے سرکاری ملازمین کے لئے مفت حادثاتی بیمہ فراہم کرنے کے مقصد سے مختلف بینکوں کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ اس فیصلہ کا مقصد ملازمین کے

خاندانوں کو بغیر کسی پریمیم کے مالی تحفظ فراہم کرنا ہے۔انہوں نے بتایا کہ سنگاریڈی کے کارکنوں کے لئے ایک کروڑ روپے کے بیمہ منصوبہ کی کامیابی کے بعد اب یہی سہولت سرکاری ملازمین کو بھی دی جارہی ہے۔

Rains

حیدرآباد محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ تین دنوں کے دوران ریاست بھر میں موسلا دھار بارشوں کا امکان ہے۔متعدد اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔آج منچریال،جگتیال، پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی،ملگ اور بھدرادری کوتہ گوڑم اضلاع میں شدید بارش کا امکان ہے۔کل عادل آباد، نظام آباد، وقار آباد، سنگاریڈی سمیت کئی اضلاع میں موسلا دھار بارش متوقع ہے جبکہ پرسوں حیدرآباد، رنگا ریڈی اور میڑچل۔ملکاجگیری اضلاع میں بھی شدید بارش ہونے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Pulse Polio:

آصف آباد ضلع کے ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسر سیتارام نے بتایا کہ 28 تاریخ کو منعقد ہونے والے خصوصی پلز پولیو ڈے کی تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضلع کے 15 منڈلوں میں 667 پولیو مراکز قائم کئے جارہے ہیں تاکہ ہر بچہ کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جاسکیں۔

New Chief Secretary:

تلنگانہ حکومت نے سنجے جاجو کو ریاست کا نیا چیف سکریٹری مقرر کرنے کے احکامات جاری کر

دیے ہیں۔ موجودہ چیف سیکریٹری رام کرشنا راؤ 30 جون کو ریٹائر ہو رہے ہیں جس کے بعد سنجے جا جو عہدہ سنبھالیں گے۔ 1992 بیچ کے آئی اے ایس افسر سنجے جا جو اس سے قبل متحدہ آندھرا پردیش میں وجئے واڑہ کے سب کلکٹر، مغربی گوداوری کے کلکٹر، گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کے اڈیشنل کمشنر اور کمشنر کے علاوہ محکمہ شہری سیول سپلائز کے کمشنر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ وہ 2014 سے مرکزی سرویس میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔

Moharram

تلگو ریاستوں میں آج محرم کے موقع پر یوم عاشورہ مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ بڑی تعداد میں عزاداروں نے محرم کے جلوس میں شرکت کی۔ حیدرآباد کے پرانے شہر میں محرم کے ماتمی جلوس کا آغاز ہوگیا۔ تاریخی بی بی کا علم کا جلوس دبیر پورہ سے شروع ہوا جس میں ہزاروں کی تعداد میں شیعہ مسلمانوں نے شرکت کی۔ امن و امان برقرار رکھنے کے لئے حیدرآباد پولیس نے تقریباً دو ہزار اہلکاروں پر مشتمل سخت سکیورٹی انتظامات کئے ہیں۔

MANN KI BAAT

وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کی نشریات اتوار 28 جون کی صبح 11 بجے آکاش وانی سے نشر کی جائیں گی۔ اس پروگرام میں وزیرِ اعظم اپنے خیالات ملک اور بیرونِ ملک کے عوام کے ساتھ شیئر کریں گے۔ یہ پروگرام آکاش وانی، دوردرشن کے پورے نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور مرکزی وزارتِ اطلاعات ونشریات کے

یوٹیوب چینلز پر بھی براہِ راست نشر کیا جائے گا۔ ہندی خطاب کے بعد اس کا تلگو ترجمہ بھی نشر کیا جائے گا۔

NSD

Rajanna Sirisilla Drugs:

بین الاقوامی یومِ انسدادِ منشیات کے موقع پر آج راجنا سرسلہ ضلع مرکز میں ایگل فورس کے زیرِ اہتمام ایک بیداری ریلی نکالی گئی۔ گورنمنٹ وہپ اور ویملواڑہ کے رکنِ اسمبلی آدی سرینواس، ضلع کلکٹر گریما اگروال اور ایڈیشنل ایس پی چندرایا نے مشترکہ طور پر جھنڈی دکھا کر ریلی کا آغاز کیا۔ اس موقع پر آدی سرینواس نے نوجوانوں سے منشیات سے دور رہنے اور صحت مند معاشرہ کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔ اس سلسلہ میں راجنا سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ رورل منڈل کے ہنماجی پیٹ گاؤں میں محکمہ پولیس کے زیرِ اہتمام انسدادِ منشیات سے متعلق ایک آگاہی پروگرام بھی منعقد کیا گیا جس میں ویملواڑہ کے ڈی ایس پی سرینواسولو نے منشیات کے مضر اثرات سے متعلق عوام کو آگاہ کرتے ہوئے اس لعنت کے خاتمہ کے لے اجتماعی تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔Sound Byte

PTC-Rajanna Sircilla

Jagityal. Rollapadu:

ریاستی وزیر اے لکشمن کمار نے کہا ہے کہ جگتیال ضلع کے رولہ واگو پروجیکٹ کے لئے محکمہ جنگلات سے درکار منظوری کا عمل جلد مکمل کرلیا جائے گا تاکہ اسی برسات کے موسم میں

کسانوں کو آبپاشی کے لئے پانی فراہم کیا جا سکے۔وزیر نے جگتیال کے رکنِ اسمبلی ڈاکٹر سنجے کمار کے ہمراہ بیر پور منڈل میں واقع اس پروجیکٹ کا معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ آئندہ پندرہ دنوں میں پروجیکٹ کے گیٹوں کی تنصیب کا کام مکمل کرلیا جائے گا جس کے بعد پانی ذخیرہ کرنے کے اقدامات شروع کئے جائیں گے تا کہ کسانوں کو بروقت آبپاشی کی سہولت فراہم کی جا سکے۔

PTC-Jagityal

○○